# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 11 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۱؍فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ پرکشاپہ چرچا پروگرام کے ذریعے طلبہ کی صلاحیتوں پوشیدہ مہارتوں اورکام سے لطف اندوز ہونے کوزیادہ اہمیت دینے کاوزیرِ اعظم کامطالبہ۔

☆ وزیرِ اعظم مودی فرانس کے دورے پر؛ آج مصنوعی ذہانت ایکشن سمٹ میں شریکِ صدر ہوں گے۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگرمیں جیون پرادھیکرن کے تحت ایک ہزار164 اسکیموں کے کام جلدی مکمل کرنے کے وزیرگلاب راؤپاٹل کے احکامات۔

☆ آج سے بارہویں جماعت کے امتحانات کا آغاز؛ چھترپتی سمبھاجی نگرڈویژن میں ایک لاکھ 85 ہزار طلبہ کااندراج۔

اور۔۔۔☆ قومی کھیل مقابلوں میں 129 تمغوں سمیت مہاراشٹر دوسرے مقام پر۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے طلبہ سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ صلاحیتوں، پوشیدہ مہارتوں اور کام میں خوشی کو امتحانی نمبروں، مقابلہ اور دوسروں کے ساتھ موازنہ سے زیادہ اہمیت دیں۔ وہ گذشتہ روز نئی دہلی میں پروگرام ''پریکشا پہ چرچا'' میں طلبہ سے مخاطب تھے۔ وزیرِ اعظم نے مشورہ دیا کہ کسی کو دوسروں سے مقابلے کرنے کے بجائے خود سے مقابلہ کرنا چاہیے اور امتحان سے قبل کسی بھی ذہنی دباؤ کے بغیر مقصد کو ذہن میں رکھ کر مطالعہ کرنا چاہیے۔ انھوں نے کہا:

*''بیٹسمین اس پریشر کی پرواہ نہیں کرتا، اس کا پورا دھیان اس بال کی اور ہوتا ہے۔ اگر آپ بھی اس پریشر کو من میں نہ لیتے ہوئے اپنا دھیان آج میں نے اتنا پڑھنا طئے کیا تھا، یہ اگر کر لیتے ہیں۔ آپ آرام سے اس پریشر میں سے بھی اپنے آپ کو نکال سکتے ہیں۔''*

''پریکشا پہ چرچا'' پروگرام کا فارمیٹ اب بدل گیا ہے اور اسے سات حصوں میں نشر کیا جائے گا۔ ایک بند ہال یا آڈیٹوریم میں منعقد ہونے والی یہ تقریب گذشتہ روز نئی دہلی کی ایک نرسری میں منعقد ہوئی۔ وزیرِ اعظم نے تمام شریک طلبہ کو تِل اور گڑ دیا اور انھیں میٹھا بولنے کا پیغام دیا۔

دریں اثناء پروگرام کے بعد وزیرِ اعظم گذشتہ روز فرانس روانہ ہو گئے۔ پیرس پہنچنے کے بعد ہندوستانی برادری نے ان کا زبردست استقبال کیا۔ پیرس میں آج وہ مصنوعی ذہانت چوٹی کانفرنس میں شریکِ صدر ہوں گے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ممبئی میں اسکولی طلبہ کے ساتھ پروگرام ''پریکشا پہ چرچا'' دیکھا۔ انھوں نے کہا کہ اس پروگرام کے ذریعے طلبہ کو زندگی کا ایک طرح کا منتر مل رہا ہے۔

چھترپتی سمبھا جی نگر میں مختلف تعلیمی اداروں نے اپنے طلبہ اور اساتذہ کیلئے پروگرام کو براہِ راست دکھانے کا اہتمام کیا تھا۔ سرسوتی بھون اسکول کے سائنس ٹیچر میور سابلے اور دیگر طلبہ نے پروگرام کی سراہنا کی۔

***** ***** *****

کل پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس میں دونوں ایوانوں میں بجٹ پر بحث ہوئی۔ راجیہ سبھا میں سابق وزیرِ خزانہ پی چدمبرم نے بحث شروع کرتے ہوئے مینوفیکچرنگ شعبہ کے تئیں حکومت کی پالیسی کی ناکامی پر تنقید کی۔ اس کا جواب دیتے ہوئے بی جے پی لیڈر جے. پی. نڈا نے مینوفیکچرنگ شعبے کیلئے حکومت کی طرف سے اٹھائے گئے مختلف اقدامات کے بارے میں بتایا۔

لوک سبھا میں بجٹ پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے بی جے پی رکنِ پارلیمان انوراگ ٹھاکر نے کہا کہ اس بجٹ میں ہر شعبے کو ریکارڈ فنڈ دیئے گئے ہیں اور قومی مفاد کا پوری طرح خیال رکھا گیا ہے۔ کانگریس کے منیش تیواری نے کہا کہ حکومت نوٹ بندی کے وقت کیے گئے اعلان میں کسی بھی ہدف کو حاصل کرنے میں ناکام رہی ہے۔ انھوں نے بجٹ میں دکھائے گئے مالیاتی خسارے پر سوال اٹھائے۔ یہ بحث آج دونوں ایوان میں جاری رہے گی۔

***** ***** *****

کانگریس لیڈر سونیا گاندھی نے الزام عائد کیا ہے کہ مردم شماری میں تاخیر کی وجہ سے ملک کے تقریباً 14 کروڑ لوگ فوڈ سیکوریٹی ایکٹ کے فوائد سے محروم ہوگئے ہیں۔ وہ کل راجیہ سبھا میں وقفۂ صفر میں مخاطب تھیں۔ انھوں نے حکومت سے جلد از جلد مردم شماری کرانے کا مطالبہ بھی کیا۔

***** ***** *****

پانی فراہمی اور صفائی محکمے کے وزیر گلاب راؤ پاٹل نے کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں جل جیون مشن کے تحت کُل 164 اسکیموں کے کاموں کی تیزی سے تکمیل کے سلسلے میں کارروائی کا جائزہ لیا۔ نل پانی فراہمی کے تحت 717 اسکیمیں ہیں جہاں 100 فیصد نل کنکشن مکمل ہو چکے ہیں۔ پاٹل نے بقیہ 440 کاموں کو مکمل کرنے کیلئے فوری کارروائی کرنے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

قومی جراثیم کش دن کے موقع پر ناندیڑ سمیت پانچ اضلاع میں ہاتھی روگ کو ختم کرنے کیلئے ایک عام طبّی جانچ مہم چلائی جا رہی ہے۔ مرکزی وزیرِ صحت جے پی نڈا کے ہاتھوں اس مہم کا افتتاح عمل میں آیا۔ ریاستی سطح پر وزیرِ صحت پرکاش آبٹکر کی خصوصی موجودگی میں اس مہم کی شروعات ہوئی۔ آبٹکر نے اپیل کی ہے کہ تمام ہاتھی روگ سے متاثرہ اس مہم میں شرکت کریں۔

***** ***** *****

ریاست مہاراشٹر کے ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے جماعت بارہویں کے امتحانات کا آغاز آج سے ہو رہا ہے۔ یہ امتحانات 18 مارچ تک چلیں گے۔ چھترپتی سمبھا جی نگر ڈویژن میں یہ امتحانات 460 مراکز پر منعقد ہو رہے ہیں اور ایک ہزار 408 کالجوں کے ایک لاکھ 85 ہزار 330 طلبہ نے اس امتحان کیلئے اندراج کروایا ہے۔ امتحان کے دوران نقل سے پاک مہم کے تحت نقل کرنے والے طلبہ کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔ بدعنوانی کو روکنے کیلئے بیڑ کے ضلع کلکٹر اویناش پاٹھک نے امتحانی مدت میں امتحانی مراکز کے علاقوں میں امتناعی احکامات نافذ کیے ہیں۔

ضلع کلکٹر ابھینو گوئل نے بتایا کہ ہنگولی ضلع میں 24 حساس امتحانی مراکز ہیں اور ان مراکز پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ضلعی سطح پر ایک فلائنگ اسکواڈ کے ساتھ پانچ تحصیلوں میں فلائنگ اسکواڈ دستے کام کریں گے۔

ناندیڑضلع کے 107 امتحانی مراکز پر 42 ہزار 522 طلبہ بارہویں کا امتحان دیں گے۔ضلع کلکٹر راہل کرڈیلے نے طلبہ سے اپیل کی کہ وہ تناؤ سے پاک ماحول میں امتحان دیں۔ضلع کے حساس امتحانی مراکز میں سینئر ڈائریکٹر اور سپروائزر کو تبدیل کیا جائے گا۔تقریباً 10 فلائنگ اسکواڈ تشکیل دیئے گئے ہیں۔

***** ***** *****

تعمیراتِ عامہ کے وزیر شیویندر سنگھ راجے بھوسلے نے محکمے کے کاموں کو بغیر تساہلی کے معیار کے مطابق وقت پر مکمل کرنے کی ہدایت دی۔گزشتہ روز دھاراشیو میں منعقدہ اجلاس سے وہ خطاب کررہے تھے۔انہوں نے تعمیراتِ عامہ محکمے کو وزیرِ اعلیٰ کے 100 روزہ سات نکاتی پروگرام کو موثر انداز میں نافذ کرنے کی ہدایت بھی کی۔

***** ***** *****

اتراکھنڈ میں جاری 38 ویں قومی کھیلوں میں مہاراشٹر کی دِپتی کاڑمیگھ اور سوربھ پاٹل نے پینٹا تھلون میں طلائی تمغہ جیتا ہے۔جبکہ جیوڈو میں ریاست کی شردھا چوپڑا نے خواتین کے 52 کلوگرام زمرے میں طلائی تمغہ جیتا،اسی طرح آکانکشا شندے نے 48 کلوگرام زمرے میں نقرئی تمغہ حاصل کیا۔جمناسٹک کے آرٹسٹک زمرے میں ریاستی خواتین کی ٹیم نے نقرئی تمغہ حاصل کیا۔ان مقابلوں میں مہاراشٹر اب دوسرے نمبر پر آ گیا ہے اور ریاست نے 33 طلائی سمیت 129 تمغے جیتے ہیں۔ان میں 48 نقرئی اور 48 کانسے کے تمغے شامل ہیں۔جبکہ مسلح افواج کی ٹیم 47 طلائی تمغوں کے ساتھ پہلے نمبر پر ہے اور کرناٹک 32 طلائی تمغوں کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے میں مختلف ترقیاتی کاموں کیلئے منظور شدہ 141 کروڑ 14 لاکھ روپے میں سے 105 کروڑ 15 لاکھ روپے مختلف محکمہ جات میں تقسیم کیے گئے ہیں۔اس میں سے 31 دسمبر 2024 تک 98 کروڑ 77 لاکھ روپے خرچ ہوچکے ہیں۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ترقیاتی کاموں کیلئے فنڈز خرچ کرنے کے عمل کو تیز کیا جارہا ہے،اور فنڈز کو ضرورت کے مطابق استعمال کرنے کیلئے ضروری اقدامات کیے جارہے ہیں۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے وڑوَنی تعلقے میں غیر مسدود بجلی فراہمی کے مطالبے پر کسانوں نے کل بجلی تقسیم کار کمپنی مہاوترن کے دفتر کے روبرو احتجاج کیا۔مظاہرین کے مطابق،بجلی کی مسلسل آنکھ مچولی سے کھیتوں میں فصلوں کو پانی دینا مشکل ہورہا ہے۔مظاہرین نے غیر مسدود بجلی فراہمی نہ ہونے کی صورت میں اپنے احتجاج کو تیز کرنے کا انتباہ بھی دیا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے گنگا کھیڑ میں بجلی فراہمی کرنے والی مہاوترن دفتر کے قریب ٹرانسفارمر کو آگ لگ گئی۔عوام کی مستعدی اور پولس و فائر بریگیڈ کی کوششوں سے آگ پر قابو پالیا گیا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پر کشا پہ چرچا پروگرام کے ذریعے طلبہ کی صلاحیتوں پوشیدہ مہارتوں اور کام سے لطف اندوز ہونے کو زیادہ اہمیت دینے کا وزیرِ اعظم کا مطالبہ۔

☆ وزیرِ اعظم مودی فرانس کے دورے پر؛ آج مصنوعی ذہانت ایکشن سمٹ میں شریکِ صدر ہوں گے۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میں جیون پرادھیکرن کے تحت ایک ہزار 164 اسکیموں کے کام جلدی مکمل کرنے کے وزیر گلاب راؤ پاٹل کے احکامات۔

☆ آج سے بارہویں جماعت کے امتحانات کا آغاز؛ چھترپتی سمبھا جی نگر ڈویژن میں ایک لاکھ 85 ہزار طلبہ کا اندراج۔

اور۔۔۔☆ قومی کھیل مقابلوں میں 129 تمغوں سمیت مہاراشٹر دوسرے مقام پر۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****